© rasailojaraid.com



# خبر نامہ ادارۂ تحقیق و تصنیف اسلامی (۴۸)

☆ صدر ادارہ و امیر جماعت اسلامی ہند مولانا سید جلال الدین عمری کی نئی تصنیف بہ عنوان 'عصر حاضر میں اسلام کے علمی تقاضے' حال میں مرکزی مکتبہ اسلامی پبلشرز نئی دہلی سے شائع ہوئی ہے۔ یہ کتاب ان مقالات کا مجموعہ ہے جو مختلف اوقات میں سہ ماہی تحقیقات اسلامی اور ماہ نامہ زندگی نو نئی دہلی میں شائع ہوتے رہے ہیں۔ ان مقالات میں واضح کیا گیا ہے کہ اگر ہم چاہتے ہیں کہ دنیا اسلام کی طرف متوجہ ہو اور اس کی حقانیت تسلیم کرے تو ہمیں اس کے لیے بھرپور علمی اور فکری تیاری کرنی ہوگی اور اسلام کی روشنی میں موجودہ دور کے مسائل کا حل پیش کرنا ہوگا۔ صفحات: ۸۰، قیمت -/۵۲ روپے

☆ مولانا عمری کی نئی تصنیف 'تجلیاتِ قرآن' کو علمی، دینی اور تحریکی حلقوں میں غیر معمولی پذیرائی حاصل ہوئی ہے۔ چنانچہ چار ماہ کے مختصر عرصے میں اس کا پہلا اڈیشن ختم ہوگیا۔ اب مکتبہ سے اس کا دوسرا اڈیشن کسی قدر نظر ثانی اور کمپوزنگ کی غلطیوں کی اصلاح کے بعد شائع ہوگیا ہے۔ صفحات: ۵۶۰، قیمت -/۳۰۰ روپے

☆ مولانا کی کتاب 'خطباتِ پاکستان' کو بھی مقبولیت حاصل ہوئی ہے۔ چنانچہ چھ ماہ کے بعد ہی اس کا دوسرا اڈیشن شائع ہوگیا ہے۔ صفحات: ۱۹۲، قیمت -/۱۰۰ روپے۔ اس کتاب کو پاکستان کے اشاعتی ادارے 'منشورات' نے بھی شائع کیا ہے۔

☆ جماعت اسلامی ہند حلقہ کرناٹک نے ۱۴ تا ۲۸/ جون ۲۰۱۳ء 'مثالی خاندان' کے عنوان سے ریاست گیر مہم منائی۔ اس موقع پر مولانا عمری کے کتابچہ 'قرآن کا نظام خاندان' کو دس ہزار کی تعداد میں چھاپا گیا اور دورانِ مہم بڑے پیمانے پر اسے تقسیم کیا گیا ہے۔ اس مقصد سے اس کا انگریزی اور کنڑ ترجمہ بھی شائع کیا گیا اور دوران مہم تقسیم کیا گیا۔

☆ مولانا محترم نے اپنی کئی کتابوں پر نظر ثانی کی ہے اور حسب ضرورت ان میں ترمیم و اضافہ کیا ہے۔ ان کتابوں کے نئے اڈیشن مرکزی مکتبہ سے شائع ہوگئے ہیں: اسلام کا عائلی نظام، صفحات: ۲۰۰، قیمت -/۹۰ روپے، بچے اور اسلام، صفحات: ۱۶، قیمت -/۱۰ روپے۔ جماعت اسلامی ہند: پس منظر، خدمات اور طریقۂ کار، صفحات: ۷۲، قیمت -/ ۳۵ روپے، بعض



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اہم اسلامی اصطلاحات اور ان کی تشریح، صفحات: ۳۲، قیمت -/۱۸ روپے، اسلام اور وحدت بنی آدم، صفحات: ۳۲، قیمت -/۱۶ روپے۔

☆ 'عورت اور اسلام' مولانا کی مقبول کتابوں میں سے ہے۔ انگریزی، ہندی اور گجراتی میں اس کا ترجمہ پہلے ہو چکا تھا۔ اس کا تمل ترجمہ اسلامک فاؤنڈیشن ٹرسٹ چنّئی سے ۲۰۱۰ء میں شائع ہوا تھا۔ ۲۰۱۱ء میں اس کا دوسرا ایڈیشن آیا ہے، کتاب بہتر معیار سے شائع ہوئی ہے۔ آخر میں انڈکس بھی شامل کیا گیا ہے۔ صفحات: ۲۲۴، قیمت -/۸۰ روپے

☆ اسلامک ریسرچ اکیڈمی کراچی نے مولانا عمری کی تمام تصانیف کو شائع کرنے کا منصوبہ بنایا ہے۔ حال میں اس نے متعدد کتابچے شائع کیے ہیں: خدا کی غلامی- انسان کی معراج، انسانوں کی خدمت اسلام کی نظر میں، بعض اہم اسلامی اصطلاحات اور ان کی تشریح، اسلام اور مشکلاتِ حیات۔

☆ ۳۰/ اپریل ۲۰۱۳ء کو ادارۂ تحقیق کے کانفرنس ہال میں 'تجلیاتِ قرآن' کے تعارف و تجزیے پر مشتمل ایک پروگرام منعقد ہوا۔ اس کی صدارت پروفیسر اشتیاق احمد ظلی، ناظم دارالمصنفین اعظم گڑھ نے کی۔ علی گڑھ مسلم یونی ورسٹی کے اساتذہ پروفیسر ظفر الاسلام اصلاحی، پروفیسر محمد سعود عالم قاسمی، پروفیسر سید مسعود احمد اور رکن ادارہ مولانا محمد جرجیس کریمی نے کتاب کے مباحث پر اظہارِ خیال کیا۔ آخر میں مولانا عمری کا کلیدی خطاب ہوا۔ پروگرام میں مرد و خواتین کی بڑی تعداد شریک ہوئی۔

☆ بین الاقوامی اسلامی یونی ورسٹی اسلام آباد (پاکستان) میں ۲۹-۳۰/ اپریل ۲۰۱۳ء کو ایک بین الاقوامی کانفرنس منعقد ہوئی، جس کا مرکزی موضوع تھا 'برصغیر میں ترجمۂ قرآن کی مشکلات و مسائل'۔ اس کے انعقاد میں یونی ورسٹی کے تین شعبوں: ادارۂ تحقیقات اسلامی، شعبۂ ترجمہ و تشریح (فیکلٹی آف عربک) اور شعبۂ تفسیر و علوم قرآنی (فیکلٹی آف اسلامک اسٹڈیز) نے حصہ لیا تھا۔ معاون مدیر مجلّہ ڈاکٹر محمد رضی الاسلام ندوی نے اس میں شرکت کی اور 'ترجمۂ قرآن پر رجحانات و مسالک کے اثرات' کے موضوع پر مقالہ پیش کیا۔

☆ ادارۂ تحقیق کے منصوبہ کے تحت تیار کی گئی ڈاکٹر محمد رضی الاسلام ندوی کی کتاب 'حضرت ابراہیم- حیات، دعوت اور عالمی اثرات' چند سال قبل مرکزی مکتبہ اسلامی پبلشرز سے



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



شائع ہوئی تھی۔اب پاکستان میں اسے بک کارنر شوروم جہلم نے بھی شائع کردیا ہے۔

☆ سابق رکنِ ادارہ ڈاکٹر محمد شمیم اختر قاسمی نے ادارہ کے منصوبہ کے تحت 'سیرتِ نبوی پر اعتراضات کا جائزہ' کے موضوع پر کام کیا تھا۔ ان کی کتاب مرکزی مکتبہ اسلامی پبلشرز سے شائع ہوگئی ہے۔صفحات: ۲۸۰ ، قیمت -/۱۳۰ روپے۔ موصوف ان دنوں عالیہ یونی ورسٹی کلکتہ میں اسسٹنٹ پروفیسر ہیں۔

☆ گزشتہ ایک سال کے دوران ادارہ کے دو اراکین نے اپنے علمی و تحقیقی کام مکمل کرکے ادارہ کے حوالے کردیے ہیں۔ مولانا محمد جرجیس کریمی نے 'احیائے اسلام: مفہوم، مسائل اور تقاضے' کے موضوع پر اور مولانا ضمیر الحسن فلاحی نے 'ملتِ اسلامیہ: گروہی و مسلکی اختلافات' کے موضوع پر کام کیا ہے۔

☆ ادارہ کے سلسلۂ توسیعی خطبات کے تحت ۱۴/ اپریل ۲۰۱۳ء کو ایک خطبہ بہ عنوان 'غربت اور مسلمان: مائیکرو فائنانس کے تناظر میں' جناب ارشد اجمل صاحب (پٹنہ) نے پیش کیا۔ مسلم یونی ورسٹی علی گڑھ سے وابستہ اور علی گڑھ میں مقیم دیگر اہل علم کثیر تعداد میں شریک ہوئے اور اپنی تجاویز، مشوروں اور سوالات سے انھوں نے اس موضوع سے دل چسپی کا اظہار کیا۔

☆ جیسا کہ اس سے قبل اعلان کیا جاچکا ہے، ادارہ کی مجلس منتظمہ نے ۲۰۱۴ء کے اوائل میں ایک سمینار کے انعقاد کا فیصلہ کیا ہے۔ اس سلسلے میں اس کے مرکزی موضوع اور ذیلی عناوین کی تعیین کے لیے مقامی اہل علم کی دو نشستیں منعقد کی گئی ہیں۔ قارئین سے گزارش ہے کہ اس سلسلے میں اگر کوئی مشورہ یا تجویز دینا چاہیں تو سکریٹری ادارہ سے رابطہ کریں۔

☆ گزشتہ دنوں ادارہ کے کیمپس سے متصل ڈیڑھ سو مربع گز زمین پر تعمیر شدہ ایک دو منزلہ مکان کی خریداری کا کام انجام پایا۔ فالحمد للہ علی ذلک۔

پاکستان میں سہ ماہی تحقیقاتِ اسلامی کے لیے رابطہ کریں:

جناب سجاد الٰہی صاحب، 27-A، لوہا مارکیٹ، مال گودام روڈ، بادامی باغ، لاہور

Tel: 0300-4682752, (R)5863609, (0)7280916

Email: abdulhadi_133@yahoo.com

© rasailojaraid.com